شاہنامۂ اسلام جلد اول از جناب عامر عثمانی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۶۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت درج نہیں پتہ:- مکتبۂ ماہنامہ تجلی دیوبند ضلع سہارنپور۔

اردو میں حفیظ جالندھری نے سب سے پہلے شاہنامہ اسلام لکھا جو بہت زیادہ مقبول ومشہور ہوا۔ اب انھیں کے تتبع میں ایک نوجوان شاعر عامر عثمانی نے شاہنامہ لکھنا شروع کیا ہے جس کی پہلی جلد اس وقت زیر تبصرہ ہے اس شاہنامہ کی بحر اور انداز نگارش وہی ہے جو حفیظ کے شاہنامہ کا ہے۔ البتہ فرق اتنا ہے کہ حفیظ کے ہاں شاعری تاریخیت پر غالب ہے۔ اور عامر کے شاہنامہ میں اس کی کوشش کی گئی ہے کہ شاعری کو حتی الوسع تاریخیت کے قریب ہی رکھا جائے چنانچہ وہ جگہ جگہ حاشیہ میں اشعار کے مضمون کے ماخذ کے طور پر قرآن مجید کی آیات اور احادیث کے ٹکڑے نقل کرتے چلے گئے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود شعر کا مقصد جو جذبات انگیزی ہوتا ہے اس پر کوئی اثر نہیں پڑنے پایا ہے اس جلد میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال سے لے کر جنگ یمامہ تک کے حالات کا منظوم بیان ہے اور صرف بیان ہی نہیں۔ بلکہ ہر واقعہ پر جو نتائج مرتب ہوتے ہیں اور ان سے جو سبق لینا چاہیئے اور جو اس کے اسباب وعلل ہیں ان کو بھی پُر زور وولولہ انگیز طرز میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے بعض حصے اس لائق ہیں کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کو زبانی یاد کرائے جائیں۔ تاکہ بچپن سے ہی تاریخ اسلام کے ابتدائی دور کی اہمیت وعظمت کا نقش ان کے دلوں پر بیٹھ سکے اس کا مطالعہ ہم خرما وہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

قوموں کا عروج وزوال از جناب سید حامد علی صاحب تقطیع خورد ضخامت ۶۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۸/ پتہ: مکتبہ جماعت اسلامی ہند رام پور (یو۔ پی)

مسلمانوں کے عروج وزوال کے اسباب پر اب تک مختلف زبانوں میں بہت کچھ لکھا جاچکا ہے اور اب تک یہ سلسلہ "شد پریشان خواب من از کثرت تعبیرہا" کا مصداق بن جانے